© rasailojaraid.com



قیمت وصفحات : قیمت درج نہیں، صفحات ۲۶۴

یہ کتاب سوانحی حالات پر مشتمل ہے، جس میں درج ذیل شخصیات ہیں۔ شیخ حیدر حسن خانؒ، مولانا یوسف کاندھلویؒ، شاہ عبدالعزیز رائے پوریؒ، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خانؒ، محمد عبدالرحیم خاطرؒ، مولانا سید طلحہ حسینیؒ، شاہ فضل اللہؒ، مولانا عبدالرشید نعمانیؒ، مولانا سعد حسن خانؒ، قاری اسعد خانؒ، قاری حبیب اللہ خانؒ، مولانا غلام مصطفیٰ قاسمیؒ، مولانا عاشق الٰہیؒ، پیر عبدالقدوسؒ، حکم مظفر حسنؒ، والد محترمؒ، حکیم عبدالستارؒ، نظام الدینؒ، عبدالرحیم قریشی، احسان دانش، ڈاکٹر عبدالحلیم چشتی، ڈاکٹر محمد احسن فاروقی، پروفیسر عزیز الدین، محمد شریف، محمد عبدالغنی، حشمت اللہ لودھی، تراب گوالیاری، اچا بھیا، محمد سعید، مولانا تمیز حسین، والدہ محترمہؒ، سمیہ بیٹی، مولانا عبدالعلیم۔

ان میں اکثر شخصیات کا تعلق عہد حاضر سے ہے، علماء، ادباء، شعراء، صوفیاء پر منتخب شخصیات پر شخصی تاثرات کو جمع کر دیا گیا ہے، اس تذکرہ میں بہت سی زندہ شخصیات شامل ہیں۔ موصوف نے انتہائی مفید باتیں اور زندگی کے نشیب وفراز کو قلمبند فرما دیا ہے، بعض شخصیات ایسی ہیں جن کی سوانح مطبوعہ شکل میں دستیاب نہیں ہے۔ ہم بنیادی طور سے مردہ پرست ہیں، جب تک کوئی زندہ ہو معاصرانہ رقابت اس کی مدح سرائی میں حائل رہتی ہے۔ ڈاکٹر صاحب بڑے دل وحوصلہ کے مالک ہیں، جنہوں نے بہت خوبصورت انداز میں اپنے معاصرین کے حالات کو محفوظ فرما دیا ہے۔ اپنے بھی اگر مختصر احوال شامل فرما دیں تو مناسب ہوگا۔

آپ کی اہلیہ پروفیسر ڈاکٹر نسیم آراء صاحبہ کے توسط یہ کتاب مجھ تک پہنچی ہے، ڈاکٹر صاحبہ ہی کی بنیادی کاوشوں سے عبداللہ کالج کا شاندار مجلّہ ''کارواں'' شائع ہو رہا ہے، جس پر انشاء اللہ اگلے شمارہ میں تفصیلی تبصرہ شائع کریں گے۔

کتاب کا نام : رسول اکرم ﷺ بحیثیت تاجر

مولف/مصنف کا نام: حافظ محمد عارف گھانچی

ناشر : ساگر مینشن دکان نمبر ۳ رموسیٰ لین نمبر ۴ لیاری کراچی ۶۶۰ ۶۵ ، ۶۷ ۱۴ھ،

© rasailojaraid.com